یکم اپریل 2022ء

## اسٹیٹ بینک نے رمضان المبارک کے لیے دفتری اور کاروباری اوقات کا اعلان کر دیا

ماہ رمضان المبارک 1443 ہجری کے دوران بینک دولت پاکستان میں درج ذیل دفتری اوقات پر عمل کیا جائے گا، جس کی پابندی تمام بینک، ترقیاتی مالی ادارے اور مائکرو فنانس بینک بھی کریں گے:

پیر تا جمعرات **صبح 10 بجے سے 4 بجے سہ پہر تک**، جس میں 2 بجے سے سوا2 بجے تک نماز کا وقفہ ہو گا جبکہ جمعے کو دفتر کے اوقات **صبح 10 بجے سے دوپہر ایک بجے تک** ہوں گے، جس میں کوئی وقفہ نہیں ہو گا۔

تاہم مزید ہدایت کی جاتی ہے کہ عوام سے لین دین کے لیے درج ذیل کم از کم کاروباری (بینکاری) اوقات پر عمل کیا جائے گا:

پیر تا جمعرات **صبح 10 بجے سے ڈیڑھ بجے دوپہر تک**، جس میں کوئی وقفہ نہیں ہو گا جبکہ جمعے کو عوام سے لین دین (بینکاری) کے اوقات **صبح 10 بجے سے دوپہر ایک بجے تک** ہوں گے، جس میں کوئی وقفہ نہیں ہو گا۔

تاہم، بینک اور مائیکرو فنانس بینک جمعے کے سوا اپنی کاروباری ضروریات کے مطابق پبلک ڈیلنگ کے لیے توسیع شدہ کاروباری (بینکاری) اوقات، صبح 10 بجے تا سہ پہر 3 بجے (15 منٹ کے وقفہ برائے نماز کے ساتھ)، اختیار کر سکتے ہیں۔

رمضان المبارک کے بعد مذکورہ اوقاتِ کار قبل از رمضان کے اوقات پر خود بخود واپس چلے جائیں گے۔

*******